اپنی دوائیاں اور طبّی مقاصد کے لئے سامان حاصل کرنے کا نیا طریقہ

الیکٹرونک پرسکرپشن سروس یعنی نسخہ حاصل کرنے کی الیکٹرونک سروس (ای پی ایس) این ایچ ایس کی ایک نئی خدمت ہے۔ اس سے آپ کو موقع ملتا ہے کہ آپ اپنے جی پی کی طرف سے نسخہ اور طبّی سامان بھیجنے کا طریقہ بدل سکیں اور یہ چیزیں جہاں سے آپ چاہتے ہوں اس جگہ سے حاصل کر سکیں۔

آپ کے لئے اس کا کیا مطلب ہے؟

- اگر آپ اپنے دہرائے جانے والے نسخے اپنے جی پی سے لینے کے لئے جایا کرتے ہیں، تو آپ کو اب اپنا کاغذی نسخہ لینے کے لئے جی پی کی پریکٹس پر جانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ اس کے بجائے، آپ کا جی پی یہ نسخہ آپ کی پسندیدہ جگہ پر الیکٹرونک طریقے سے بھیج دے گا، اور آپ کا وقت بچائے گا۔
- آپ اپنی دوائیاں کہاں سے لیں، اس کے لئے آپ کو پہلے سے زیادہ آزادی ہو گی، کیونکہ اب ان دواؤں کو رہنے کی جگہ، کام یا خریداری کی جگہ کے قریب کسی فارمیسی سے لیا جا سکتا ہے۔
- آپ کو فارمیسی پر زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑے گا، کیونکہ آپ کے وہاں پہنچنے سے پہلے آپ کا دہرایا جانے والا نسخہ تیار کرنے کے لئے کافی وقت ہو گا۔

کیا یہ خدمت آپ کے لئے موزوں ہے؟

جی ہاں، اگر آپ کی حالت مستحکم ہے اور آپ:

- اپنا دہرایا جانے والا نسخہ لینے کے لئے ہر بار اپنے جی پی کی پریکٹس پر نہیں جانا چاہتے۔
- اپنی دوائیں بیشتر اوقات ایک ہی جگہ سے لینے جاتے ہیں۔
- اِس وقت نسخہ لانے کی سروس کا استعمال کر رہے ہیں۔

جی نہیں، اگر آپ:

- زیادہ کثرت سے نسخے نہیں بنواتے۔
- اپنی دوائیاں مختلف جگہوں سے لیتے ہیں۔
- بہت کثرت سے سفر کرتے ہیں یا گھر سے دور کام کرتے ہیں۔

آپ ای پی ایس کا استعمال کیسے کر سکتے ہیں؟

آپ کو ایک جگہ کا انتخاب کرنا ہو گا جہاں آپ کے جی پی کی پریکٹس آپ کا نسخہ الیکٹرونک طریقے سے بھیج سکے۔ اسے نومی نیشن یعنی نامزدگی کہتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- فارمیسی۔
- ڈسپینسنگ ایپلائینس کنٹریکٹر یعنی سامان مہیا کرنے والا کنٹریکٹر (اگر آپ اس کی خدمات حاصل کرتے ہیں)۔
- آپ کے جی پی کی پریکٹس جو ڈسپنسنگ یعنی دوائیں مہیا کرتی ہے (اگر آپ اس کی شرائط پوری کرتے ہیں)۔

ای پی ایس کی پیش کش کرنے والی کسی بھی فارمیسی یا ڈسپنسنگ ایپلائینس کنٹریکٹر سے یا اپنے جی پی کی پریکٹس سے کہئے کہ آپ کے لئے آپ کی نامزدگی کا اضافہ کرے۔ ایسا کرنے کے لئے آپ کو کمپیوٹر کی ضرورت نہیں۔

کیا میں اپنی نامزدگی بدل سکتا ہوں یا منسوخ کر سکتا ہوں اور کاغذی نسخہ حاصل کر سکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا نسخہ الیکٹرونک طریقے سے بھیجا جائے، تو اپنے جی پی سے کہئے۔ اگر آپ اپنی نامزدگی بدلنا یا منسوخ کرنا چاہتے ہیں، تو ای پی ایس فراہم کرنے والے کسی بھی فارماسسٹ یا سامان مہیا کرنے والے کنٹریکٹر، یا اپنے جی پی کی پریکٹس سے بات کیجئے۔ انہیں اپنے اگلے نسخے کا وقت آنے سے پہلے بتائیے، نہیں تو آپ کا نسخہ غلط جگہ بھیجا جا سکتا ہے۔

کیا ای پی ایس قابل اعتبار، محفوظ اور صیغہ راز کی خدمت ہے؟

جی ہاں۔ آپ کا الیکٹرونک نسخہ جی پی پریکٹسوں، فارمیسیوں اور این ایچ ایس کی نسخوں کی ادائیگی کرنے والے اور فراڈ کی ایجنسیوں کے وہی لوگ دیکھیں گے جو اس وقت آپ کا کاغذی نسخہ دیکھتے ہیں۔ بعض اوقات ڈسپنسر دیکھ سکتے ہیں کہ آپ نے کسی اور ڈسپنسر کا انتخاب کیا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ بھول جائیں کہ آپ نے کس کو نامزد کیا ہے اور آپ ان سے کہیں کہ وہ پڑتال کریں یا، اگر آپ نے ایک سے زیادہ ڈسپنسروں کو نامزد کیا ہے۔

ای پی ایس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، www.hscic.gov.uk/ پر فارمیسی یا جی پی کی پریکٹس پر جائیے۔